کلپین

خواص :اہم اجزاء: ونٹر گرین آئل۔ ست پودینہ۔ کیپسی کام۔ ست اجوائن۔ ست سفیدہ۔ تارپین آئل (B.P.Q) روز میری آئل۔

علامات: چوٹ لگ جانے کا درد۔ موچ۔ پٹھوں میں کھنچاؤ۔ جوڑوں کے درد

فوائد: کلپین ایک جدید تحقیق پر مبنی فارمولے کے تحت تیار کردہ ہے جوڑوں کے درد، کمر درد، موچ اور پٹھوں کے تناؤ میں فوری آرام پہنچاتی ہے۔ ایک بات جو کلپین کریم کے بارے میں بہت اہم ہے کہ اس کو اپنی پوری افادیت ظاہر کرنے کیلئے کچھ وقت لگتا ہے۔ لہذا روزانہ دن میں تین سے چار دفعہ کلپین کریم کا استعمال ضروری ہے۔ جب ہاتھوں اور انگلیوں کے درد کیلئے کلپین کریم استعمال کریں تو اس کو اچھی طرح جذب ہونے کیلئے آدھا گھنٹہ دیں اور اس دوران یہ احتیاط کریں کہ ہاتھ اور انگلیاں زخم، خراش شدہ جلد، آنکھوں، ناک، ہونٹ اور دیگر نازک اعضاء سے مس نہ ہونے پائیں۔ اپنے ہاتھوں کو پانی اور صابن سے اچھی طرح دھو لیں۔ ذیل میں کلپین کریم کے بارے میں کچھ مفید اور بہتر نتائج حاصل کرنے کیلئے چند سوال وجواب درج کئے جارہے ہیں۔

س : کیا کلپین کریم ہر طرح کے جوڑوں کے درد کیلئے استعمال کی جاسکتی ہے۔؟

ج : جی ہاں کلپین کریم عام درد، موچ میں مفید ہے۔ کمر درد، پٹھوں کے درد اور آرتھرائٹس اور ریموٹائیڈ آرتھرائٹس کیلئے مخصوص ہیں۔ اگر آپ کو یہ معلوم نہیں آپ کو کس قسم کا آرتھرائٹس ہے تو اپنے معالج سے رجوع کریں۔

س : کیا کلپین کریم دوسرے دردوں اور موچ کیلئے بھی مفید ہے۔؟

ج : جی ہاں کلپین کریم عام درد، موچ میں بھی اُتنی ہی مفید ہے۔ جتنی کمر درد، پٹھوں کے درد اور آرتھرائٹس میں مفید ہے۔

س : کلپین کریم کس طرح مفید ہے۔؟

ج : جب یہ جلد پر لگائی جاتی ہے تو کلپین کریم جلد میں داخل ہو کر اس کیمیائی عمل کو جس کے ذریعے درد کا احساس جلد اور جوڑوں سے ہوتا ہوا دماغ تک پہنچتا ہے۔ آہستہ آہستہ کم کرتے ہوئے بالکل معدوم کردیتا ہے۔ جتنا یہ کیمیائی عمل جسم میں کم ہوگا درد کا احساس بھی اُتنا ہی کم ہوگا کلپین کریم کے متواتر اور صحیح استعمال سے درد سے بالکل نجات حاصل کی جاسکتی ہے۔ کلپین میں شامل (Capsicam) اعصابی دردوں کیلئے بہت موثر ہے۔ اس ہربل جزو کو ایلوپیتھک سسٹم میں بھی کثرت سے استعمال کیا جارہا ہے۔

س : کلپین کریم سے کس طرح زیادہ سے زیادہ فوائد حاصل کیئے جا سکتے ہیں۔؟

ج : پہلی دفعہ کلپین کریم لگانے کے 15 سے 30 منٹ میں آپ کو درد میں کمی کا احساس ہونا شروع ہو جائے گا لیکن کلپین کریم کو مکمل اثر پذیر ہونے اور درد کو کم سے کم کرنے کیلئے کچھ وقت درکار ہے۔ یہ آپ کو ذہین نشین کر لینا چاہئے کہ فوری نتائج حاصل نہ ہونے پر یا چند دن کے استعمال کے بعد کلپین کریم کا استعمال ترک نہیں کر دینا چاہیئے۔ اور یاد رکھئے کلپین کریم روزانہ دن میں تین یا چار مرتبہ استعمال کرنی چاہئے۔

س : کلپین کریم کس طرح سے استعمال کرنی چاہیے۔؟

ج : کلپین کریم اتنی لگانی چاہیے جس سے متاثرہ جگہ اچھی طرح پر ہو جائے اور پھر آہستہ آہستہ مساج کریں۔ جب تک کلپین کریم اچھی طرح جذب نہ ہو جائے اگر آپ جوڑوں پر اس کا استعمال کر رہے ہیں تو جوڑوں کو چاروں طرف سے ملنا چاہے۔

ترکیب استعمال: درد کے مقام پر دن میں تین بار مالش کریں۔

احتیاط: کٹی ہوئی جلد پر نہ لگائیں۔ آنکھوں کے قریب لگانے میں احتیاط کریں۔ کریم لگا کر ہاتھ اچھی طرح دھولیں۔